عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مأتہ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ لائل پور
ڈجکوٹ روڈ

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

الحمد للّٰه

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مائتہ حاضرہ رضی اللہ تعالی عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر: سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

سوال ۲۵: حنفیوں کی نماز شافعی المذہب کے پیچھے جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: اسمیں بہت اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ شافعی نے اگر فرائض وشرائط حنفی کی رعایت نہ کی تو اس کے پیچھے حنفی کی نماز جائز نہیں۔ دیکھو بحر الرائق اور رد المحتار وغیرہ اور فتاوی عالمگیری وغیرہ میں یہ بھی قید لگائی کہ وہ حنفی کے ساتھ تعصب نہ رکھتا ہو۔ ورنہ اس کے پیچھے نماز منع ہے

سوال ۲۶: حنفیوں کی نماز غیر مقلدین کے پیچھے جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: نہیں جائز ہے اس لئے کہ غیر مقلدین اہل اہوا سے ہیں۔ اور اہل اہوا کے پیچھے نماز جائز نہیں ہے۔ فتح القدیر شرح ہدایہ میں ہے کہ امام محمد۔ امام ابو حنیفہ و امام ابو یوسف رضی اللہ تعالے عنہم سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اہل اہوا کے پیچھے نماز نا جائز ہے اور ان کے مذہبی مسئلے اسقدر مخالف ہیں کہ ہمارے مذہب میں نہ ان کی طہارت ٹھیک ہوتی ہے نہ نماز کہ وہ مردار اور سور کی چربی تک کو ناپاک نہیں جانتے اور کٹورہ بھر پانی میں چھ ماشہ پیشاب پڑ جائے تو اسے پاک سمجھتے ہیں۔ ان کا مذہب ہے کہ جب تک اتنی نجاست نہ پڑے کہ پانی کا رنگ مزہ بو بدل جائے جب تک پانی پاک رہے گا۔ دیکھو غیر مقلدین کی کتاب فتح المغیث صفحہ ۵ اور طریقہ محمدیہ صفحہ ۶ و ۷۔

سوال ۲۷: غیر مقلدین کی بدعت لزوم کفر تک پہنچی ہے یا نہیں۔

الجواب: بہت وجہ سے پہنچی ہے۔ تین وجہیں یہ ہیں کہ غیر مقلدین اجماع اور قیاس اور تقلید کے منکر ہیں جیساکہ انکی کتابوں سے ظاہر ہے اور ان کے پیشوا نواب صدیق حسن خاں نے لکھا ہے کہ قیاس باطل و اجماع بے اثر آمد ۔ اور ہمارے ائمہ تصریح فرماتے ہیں کہ اجماع و قیاس و تقلید ضروریات دین سے ہیں دیکھو کشف الاسرار امام عبد العزیز بخاری مطبع قسطنطنیہ اور فصول البدائع مطبع استنبول اور مواقف اور شرح مواقف اور فواتح وغیرہ ۔ اور ضروریات دین کا منکر مسلمان نہیں ہے ۔ دیکھو تنویر الابصار اور در مختار اور شرح فقہ اکبر اور اعلام امام ابن حجر اور بحر الرائق اور رد المختار وغیرہ وغیرہ۔ چوتھے یہ کہ ان کے امام

ـــہ یہ مصرع اس غزل کا ہے جو نواب صدیق حسن خاں نے اپنے دیوان نفح الطیب میں لکھی جس کے تین شعر یہ ہیں۔

ویں شرع بود چار چیزی گویند ؛ یکے کتاب خدا دگر حدیث رسول ؛ سوم قیاس و چہارم وفاق مجتہداں۔ دیگر۔ در منتہی جلد فضل ؛

قیاس باطل و اجماع بے اثر آمد ؛ بجز دو نوع نخستیں نباشد اصل اصول ؛ ۱۲ عرفان علی جامع فتاوی عفی عنہ۔